# میرا دل



## تصنیف اور خاکے
## از ڈیبی کنگ

یہ کتاب لَیٹ دی چلڈرن کم منسٹریز کے تعارف سے
بغیر کسی معاوضہ کے تقسیم کی جا رہی ہے تا کہ کوئی
بھی ہلاک نہ ہو


## لَیٹ دی چلڈرن کم

......ڈیسٹی نیشل پیرش
چلڈرنز منسٹریز

اس کتاب کے صفحوں پر بہت سے
دل چھپے ہوئے ہیں
آپ ان میں سے کتنے تلاش کر سکتے ہیں؟



میں ایک شادمان دِل
چاہتا ہُوں








مگر وہ میرے
پاس نہیں


تیرا چہرہ کیوں اُداس ہے باوُجود یکہ تُو بیمار نہیں ہے؟
پس یہ دل کے غم کے سِوا اَور کچھ نہ ہوگا (نحمیاہ)2:2




تُم اُداس کیوں ہو؟



کیا تُم بِیمار ہو؟



# میرا بیمار دل



کیا خرابی ہے؟






میری بِیماری
گُناہ ہے۔

''اس لئے کہ سب نے گُناہ کیا
اور خدا کے جلال سے محروم ہیں''۔
رومیوں 3:23




اگر میں نیک بن جاؤں، تو کیا

میرا علاج ہو جائے گا؟





میں نے بہت کوشش کی مگر

میں یہ نہیں کر سکتا



# میرا متلاشی دل




کیا کوئی میرے اُداس
اور بیمار دِل کی مدد
کر سکتا ہے؟

’’اور تُم مجھے ڈُھونڈو گے اور پاؤ گے۔ جب پُورے دِل سے
میرے طالب ہو گے۔‘‘

یرمیاہ 13:29






میں یسُوع کو ڈُھونڈُوں گا۔
وہ میری مدد کر سکتے ہیں!

# میرا نجات یافتہ دل

یسُوع نے میرے
گُناہ لے لئے۔








تاکہ وہ میرے بیمار دِل کو اچھا کرسکیں......


''وہ آپ ہمارے گُناہوں کو اپنے بدن پر لئے ہوئے صلیب پر چڑھ گیا......
اُسی کے مار کھانے سے تُم نے شفا پائی'' (1-پطرس 24:2)



میں اُن پر ایمان اور یقین رکھتا ہُوں !



یسوع نے میرے دِل کو بچالیا !



# میرا مضبوط دل



میرے دِل میں بہت
بھُوک ہے۔

’’تیرا کلام ملا اور میں نے اسے نوش کیا اور
تیری باتیں میرے دل کی خوشی اور خرمی
تھیں‘‘(یرمیاہ 16:15)



خدا کا کلام میرے دل کی
خوراک ہے۔






میں خُدا کی دِی ہُوئی
خوراک میں سے
تھوڑی تھوڑی ہر روز
کھاؤں گا۔








میرا دِل تو بہت مضبُوط
ہو جائے گا!

# میرا شادمان دل



میرا دِل شادمان ہے، مُسکرا رہا ہے۔
یہ مضبُوط اور صحت مند ہے۔





آسمان میرا گھر ہے۔
یہ کیسی زبردست بات ہے!



''......اس سے خُوش ہو کہ تُمہارے نام آسمان پر لکھے ہوئے ہیں''۔لوقا10:20


اے خُدا مجھے خُوشی بھرا
دِل دینے کیلئے تیرا
شُکر ہو۔








میرا دِل خُداوند سے
مُحبت کرتا ہے۔



# والدین کے لیے

میرا اداس دل نمائندگی کرتا ہے اس وقت کی جب کوئی فرد خوشی کی تلاش میں نکلتا ہے۔ خدا نے ہر انسان کے دل میں یہ خواہش رکھی ہے۔ اس خواہش کی تکمیل یسوع مسیح تک پہنچنے پر ہی ہوتی ہے، جب تک ایسا نہ ہو دل غمزدہ اور خالی رہتا ہے۔

**میرا بیمار دل** ہمیں بتاتا ہے کہ ہمارا دل اداس یا دکھی کیوں ہے۔ باغِ عدن میں آدم کے گناہ نے انسانیت میں جینیاتی (موروثی) طور پر گناہ کا مرض پیدا کر دیا۔ جب انسان اس بیماری کا علاج خود تلاش کرنے کی کوشش کرتا ہے تو اسے کوئی حل نہیں ملتا۔ نیک بننے کی کوشش بیمار دل کو ٹھیک نہیں کر سکتی۔

**میرا متلاشی دل** یہ ظاہر کرتا ہے کہ خدا نے اپنے فضل سے حقیقی شفا عطا کی ہے۔ جو فرد سچائی کی تلاش کر رہا ہے، اسے مسیح یسوع میں پائے گا۔

**میرا نجات یافتہ دل** گناہ کی بیماری کا ابدی علاج ہے۔ جب یسوع المسیح صلیب پر تھے تو خدا نے ہمارے گناہ کے عارضہ کو اُن پر ڈال دیا۔ اب وہ ہمیں نجات کیلئے دوا فراہم کرتے ہیں۔ جب ہم ایمان لاتے ہیں تو ہم اس دوا کو قبول کرتے ہیں جو ہمیشہ کی زندگی ہے۔

**میرا مضبوط دل** ہماری موجودہ زندگی کیلئے خدا کا منصوبہ ہے۔ صحت مند اور مضبوط نشوونما کیلئے ہمیں ہر روز خوراک کی ضرورت ہے۔ خدا کا کلام ہماری روح کی غذا ہے۔ خدا کے کلام کے بغیر ایک دن بھی روحانی فاقہ کا دن ہے۔ لیکن روزانہ حقیقی سچائی یعنی بائبل مقدس کی غذا ہمارے دلوں کو مضبوطی دیتی ہے۔


**میرا شادمان دل** اس زندگی کو بیان کرتا ہے جو خدا نے ہمارے لئے تیار کی ہے۔ اس زندگی میں ہماری ابدی منزل کے متعلق ہماری اندرونی خوشی اور اعتماد شامل ہوتا ہے۔ اس کے بعد ہمارا دل اپنے خداوند کی محبت اور شکرگزاری سے بھر جاتا ہے جس نے ہمیں خوشی اور مسرت کا شاندار تحفہ دیا تا کہ ہم......

**میرا دِل**

یسُوع مسیح پر ایمان لانا اتنا ہی آسان (سادہ) ہے جتنا اس بات پر بھروسا کرنا کہ اُس نے آپ کے گُناہوں کی قیمت صلیب پر چُکائی ہے

کیونکہ خُدا نے وعدہ کیا ہے
''خُداوند یسُوع پر ایمان لا تو تُو نجات پائے گا

کیونکہ خُدا نے دنیا سے ایسی مُحبت رکھی
کہ اس نے اپنا اکلوتا بیٹا بخش دیا تا کہ جو کوئی
اس پر ایمان لائے ہلاک نہ ہو
بلکہ ہمیشہ کی زندگی پائے۔
یوحنا16:3



# میرا دل



اس کتاب میں ایک سو اکیس دل تھے۔ کیا وہ
آپ کو مل گئے؟ یاد رکھنے کی بات یہ ہے کہ
یسوع آپ کو اس سے بھی کہیں
زیادہ پیار کرتے ہیں۔

## لَیٹ دی چلڈرن کم

......دیٹ نَن شیل پیرش



لَیٹ دی چلڈرن کم

......دیٹ نَن شیل پیرش

چلڈرن منسٹری


GRACE BIBLE CHURCH
PAKISTAN

Contact Information
Director: Chris Harris 0301-7314080
Secretary: Rajesh Samuel 0307-2375388
gbc555@gmail.com
website: www.gbcpakistan.org